www.sakshieducation.com

203

I

Total No. of Questions– 16

Total No. of Printed Pages– 6

Regd. No.

Part II

URDU

Paper II

(Second Language)

Time : 3 Hours ***Max. Marks : 100***

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دیے جائیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

.1 خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھتے ہوئے 2 اشعار کی تشریح کیجیے : 2×3=6

(1) میں ریزہ ریزہ بکھرتا چلا گیا خود ہی
کہ اپنے آپ سے بچنا محال میرا تھا

(2) جب کشتی ثابت و سالم تھی ساحل کی تمنا کس کو تھی
اب ایسی شکستہ کشتی پہ ساحل کی تمنا کون کرے

(3) کچھ یادگار شہرِ ستمگر ہی لے چلیں
آئے ہیں اس گلی میں تو پتھر ہی لے چلیں

(4) مرنے کی دُعائیں کیوں مانگوں، جینے کی تمنا کون کرے
یہ دنیا ہو یا وہ دنیا، اب خواہشِ دنیا کون کرے

.2 ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خُلاصہ لکھیے : 1×6=6

(1) تعلیمِ نسواں

(2) ہماری حالت

www.sakshieducation.com

www.sakshieducation.com

.3 کوئی ایک سوالات کا جواب لکھئے : 1×6=6

(1) زیب النساء کی تعلیم و تربیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تفصیل سے لکھئے۔

(2) ''سن' یاد کرنے کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟

.4 کوئی 2 سوالات کے جوابات لکھئے : 2×4=8

(1) مہدی افادی نے شبلی کے انتقال پر کن تاثرات کا اظہار کیا؟

(2) خط کے اہم اجزاء کون کون سے ہیں؟

(3) بیرنگ خط کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(4) غالبؔ کے خطوط کی خوبیوں کا ذکر کیجئے۔

.5 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کوئی دو کی متن کے حوالے سے تشریح کیجئے: 2×3=6

(1) زندگی جیسی توقع تھی نہیں کچھ کم ہے
ہر گھڑی ہوتا ہے احساس کہیں کچھ کم ہے

(2) دنیا نے ہمیں چھوڑا جذبیؔ، ہم چھوڑ نہ دیں کیوں دنیا کو
دنیا کو سمجھ کر بیٹھے ہیں، اب دنیا دنیا کون کرے

(3) ہر ایک پائے شکستہ میں تھی میری زنجیر
ہر ایک دستِ طلب میں سوال میرا تھا

(4) یوں کس طرح کٹے گا کڑی دھوپ کا سفر
سر پر خیالِ یار کی چادر ہی لے چلیں

.6 متن کے حوالے سے کسی دو کی تشریح کیجئے : 2×3=6

(1) ''اگر ان میں غیرت نہ ہوتی تو وہ بھی کنگلوں کی طرح اپنی پوری زندگی جامع مسجد کی سیڑھیوں پر گزار دیتے۔''

www.sakshieducation.com

(2) ''جو سَن نہ ہوتے تو ہم نہ ہوتے ، جو ہم نہ ہوتے تو غم نہ ہوتا''۔

(3) ''یہ اصول زبانوں کے بڑھنے اور پھیلنے کے لیئے بہت ہی مُفید ہے یہ اصول دنیا کی سبھی زبانوں میں چلتا ہے''۔

(4) ''دوسری بات اُن کی اور زیادہ عجیب تھی، انہیں اپنے پڑھانے پر بجا طور پر اعتماد تھا۔''

.7 ذیل سے کوئی 2 کے مختصر جواب لکھئے : 2×3=6

(1) اکبر الٰہ آبادی نے عورتوں کو کون سے طریقے سکھانے پر زور دیا ؟

(2) یار کی کیفیت ظاہر کرنے کے مختلف انداز بیان کیجئے۔

(3) انٹرویو کے دوران راجہ مہدی علی خاں نے جو سوالات کئے ہیں کیا وہ مناسب نہیں ؟

(4) تلوک چند محروم نے مغربی تہذیب کی کن خرابیوں کا ذکر کیا ہے؟

.8 حسب ذیل سے کوئی 2 کے مختصر جواب لکھئے : 2×3=6

(1) سیّد سُلیمان ندوی کی تصنیفات کے نام لکھئے۔

(2) عقلمند استاد جاہلانہ سوالات کا جواب کس طرح دیتے ہیں؟

(3) خواجہ صاحب کی علامہ اقبال سے ناراضگی کیسے دور ہوئی ؟

(4) بھیا کے پڑھانے کا کیا طریقہ تھا ؟

.9 حسب ذیل سوالات کے جِوابات ایک سطر میں لکھئے : 5×1=5

(1) جاں نثار اختر کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(2) اکبر الٰہ آبادی نے کس انگریزی کتاب کا ترجمہ کیا ؟

(3) شعری مجموعہ ''کیوڑے کا بن'' کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(4) شہر یار کا اصلی نام کیا ہے ؟

(5) نظم 'ہماری حالت' کس نے لکھی ؟

www.sakshieducation.com

www.sakshieducation.com

5×1=5 **.10** ذیل کے جملوں کا ایک سطر میں جواب دیجئے :

(1) مولوی عبدالحمید خاں کیا پڑھاتے تھے؟

(2) مرزا ودود بیگ کس وجہ سے میٹرک میں اول آگئے ؟

(3) مضمون ''خواجہ حسن نظامی'' کس نے لکھا ؟

(4) تہنید کے معنیٰ کیا ہیں؟

(5) شاہد احمد دہلوی کس کے پوتے تھے ؟

1×5=5 **.11** اپنے پرنسپل صاحب کو خط لکھئے جس میں ٹی. سی. دینے کی درخواست کرایئے۔

یا

اپنے والد کو خط لکھئے جس میں اپنی تعلیمی مصروفیات کا ذکر کیجئے۔

.12 جملوں کی ساخت درست کر کے لکھئے :

6×1=6 (*a*) حسب ذیل جملوں میں علامت ''نے'' کا استعمال کیجئے :

(1) شاہد علی خاں صاحب وعدہ کیا ہے۔

(2) غالب دہلی سے رشتہ جوڑا۔

(3) مولوی صاحب سبق پڑھایا۔

(4) زیب النساء قرآن مجید حفظ کیا۔

(5) مہاتما گاندھی اس عام فہم زبان کو ہندوستانی کا نام دیا تھا۔

(6) حفیظ کہا وہ کل نہیں آئے گا۔

6×1=6 (*b*) ذیل میں محاوروں کی شناخت کیجئے :

(1) آخر وقت اقبال کی صحت جواب دینے لگی۔

(2) ہم یہاں پھول کھلانے آئے تھے۔

(3) ان کی تو عادت ہے شوروغل مچانے کی۔

(4) میں نے جب سے ہوش سنبھالا ان کو ایک ہی سا دیکھا۔

(5) نیک اولاد ماں باپ کی آنکھ کا تارا ہوتے ہیں۔

(6) مقدمہ جیت کر ہر کوئی پھولے نہ سماتے۔

www.sakshieducation.com

www.sakshieducation.com

13. ذیل محاوروں میں سے کوئی چھ کے معنی لکھیے : 6×1=6

(1) ہوش سنبھالنا

(2) سخت کوش بنا

(3) منھ سے پھول جھڑنا

(4) فضا میں گھل مل جانا

(5) ہمت کے پر لگانا

(6) دیدے آسمان کو لگانا

(7) چاند تارے توڑ کر لانا

(8) ہاتھ جوڑنا

(9) صحت جواب دینا

(10) پگھڑی باندھنا

14. ذیل میں سے کوئی چھ الفاظ کی اضافت لگا کر لکھیے : 6×1=6

(1) بانگ درا

(2) گلزار نسیم

(3) نقش فریادی

(4) شعل طور

(5) آتش گل

(6) بال جبرئیل

(7) تعلیم نسواں

(8) سوئے حرم

(9) شام زندگی

(10) حسب دستور

www.sakshieducation.com

www.sakshieducation.com

.15 ذیل میں سے کوئی 6 الفاظ کو سابقے یا لاحقے لگا کر لکھیے 6×1=6

(1) کردار

(2) مکان

(3) ریاضی

(4) گناہ

(5) ایمان

(6) متناہی

(7) دکان

(8) عقیدت

(9) آشنا

(10) پان

.16 درج ذیل سے کسی ایک کا جواب لکھیے: 1×5=5

ردیف اور قافیہ کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے۔

یا

مطلع اور مقطع کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے۔

www.sakshieducation.com